# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

Date : 12 August 2026

Time : 12:30/ PM

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز اختر۔

بلیوارڈ ریلی

پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی ہر گھر ترنگا مہم شدومد سے جاری ہے۔

------Music---------

اس پہل کے تحت آج صبح سرینگر میں جھیل ڈل کے کنارے بلیوارڈ پر ایک بڑی ترنگا ریلی نکالی گئی۔SKICC سے نکالی گئی اس ریلی کی قیادت لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کی۔اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ ترنگا ریلیاں ہماری قوت، سالمیت اور حب الوطنی کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔

-----LG Byte-----

ریلی میں ہزاروں کی تعداد میں سکولی بچوں، سرکاری ملازمین، سیکورٹی اہلکاروں اور سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔

ترنگا ریلیاں

اننت ناگ، کولگام اور گاندربل میں بھی آج ضلع سطح کی میگا ترنگا ریلیاں نکالی گئیں۔ دریں اثناء وادی کے سبھی اضلاع میں بھی ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ریلیوں اور پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔

ثقافتی ورثہ

جموں وکشمیر کی سرکار یوٹی میں ثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے مناسب اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس برس کے بجٹ میں شامل کئے گئے نکات کے عین مطابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں وکشمیر کے کئی تاریخی مقامات کو محفوظ کرنے کے منصوبوں کو منظوری دی ہے۔ ان منصوبوں کا مقصد تاریخی طرز تعمیر کو تحفظ فراہم کرنا اور اس تناظر میں سیاحتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینا ہے۔

**PMGSY**

جموں وکشمیر کو پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت مناسب مالی امداد فراہم کی گئی ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دیہی ترقی کے وزیر مملکت کملیش پاسوان نے بتایا کہ مرکز نے اس یوجنا کے تحت سال **2026-27** کیلئے یوٹی کے حق میں **9** ارب **80** کروڑ روپے منظور کئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ **6** اگست **2026** کے اعداد وشمار کے مطابق **2** ارب **14** کروڑ ایک لاکھ روپے کی رقم واگذار کی گئی ہے جس میں سے اسی تاریخ تک **2** ارب **37** کروڑ **79** لاکھ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔

رسم اجرائی

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ایک تقریب پر سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی آٹو بایو گرافی **"Triumph of the Indian Republic ; My life My Struggles"** کی رسم اجرائی انجام دی۔ اس موقعے پر اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے کہا کہ رام ناتھ کووند صدر کی حیثیت سے ایک دور اندیش شخصیت تھے۔

**Avni Lavasa**

ٹرانسپورٹ محکمے کی سیکرٹری **Avny Lavasa** نے پلوامہ ضلعے کا دورہ کر کے پانپور میں **Automated Testing Centre** اور موٹر وہیکلز ڈیپارٹمنٹ کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ سہ ٹرانسپورٹ کے اہم بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے تعمیراتی کاموں میں سرعت لائے تا کہ انہیں بروقت مکمل کیا جاسکے۔

**HADP**

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر بلال محی الدین بٹ نے ضلعے میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کیلئے مالی برس **2026-27** کے دوران جاری **Holistic Agriculture Development** پروگرام اور جموں وکشمیر **Competitive Improvement** پروجیکٹ کی عمل آوری اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے ضلعے میں زرعی منصوبوں کے بروقت نفاذ کو یقینی بنانے کی کوششوں میں وسعت لانے پر زور دیا۔

**HAD** بانڈی پورہ

سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بانڈی پورہ نے سال **2026-27** کیلئے **Holistic Agriculture Development** پروگرام کے تحت سریکلچر سے وابستہ **20** کسانوں کیلئے تین روزہ صلاحیتی پروگرام شروع کیا گیا ہے۔اس پروگرام کا مقصد ریشم صنعت سے وابستہ کسانوں کی تکنیکی معلومات اور مہارتوں کی مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ ریشم کے کیڑوں کی پرورش اور شہتوت کی کاشت میں جدید طریقوں کے استعمال کو فروغ دینا ہے۔

**KVK** بڈگام

سکاسٹ کشمیر کے کرشی وگیان کیندر بڈگام نے سپائسز بورڈ سرینگر کے تعاون سے مصالوں کے کاشتکاروں کیلئے ایک تربیتی اور بیداری پروگرام کا انعقاد کیا جس دوران کسانوں کی بہبودی پر مرکوزکئی پہلوؤں پر غور وخوض کیا

گیا۔اس پروگرام کے ذریعے کاشتکاروں کو کھیتوں میں پیش آنے والی مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے، ماہرین سے مشورے لینے اور بہتر پیداوار کو یقینی بنانے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم مہیا کرایا گیا۔

بلتی نیوز

آکاشوانی کے ریجنل نیوز یونٹ سرینگر کو کیجول بنیادوں پر بلتی نیوز ریڈرس کم ٹرانسلیٹرس کا ایک پینل تشکیل دینا مطلوب ہے۔امیدوار کی تعلیمی قابلیت گریجویشن ہونی چاہئے ۔امیدوار کیلئے انگریزی وار دو متن کو نشریاتی معیار کے مطابق بلتی میں ترجمہ کرنے کی صلاحیت ہونا لازمی ہے۔امیدوار کی عمر 21 سے 50 سال کے درمیان مقرر کی گئی ہے۔اس سلسلے میں جموں کشمیر اور لداخ کے رہائش پذیر اہل امیدوار اپنی درخواستیں 15 اگست 2026 شام پانچ بجے تک آکاشوانی سرینگر کے ریجنل نیوز یونٹ میں جمع کرسکتے ہیں۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔

..............................